احکامِ شریعت
اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی

مسلک اہل سنت کے مطابق روزمرہ شرعی مسائل کا مستند مجموعہ

تینوں حصے مکمل معہ ملفوظات

تصنیف لطیف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلوی قادری قدس سرہ العزیز

شبیر برادرز ۴۰۔ بی اردو بازار لاہور

فون ۔۔۔۔ ۷۲۳۳۲۵۰۶

نام کتاب ——— احکام شریعت (مکمل تین حصے)
نام مصنف ——— اعلیحضرت احمد رضا خاں بریلوی
سال طباعت ——— ۱۹۹۶ء
ناشر ——— شبیر برادرز۔ اردو بازار لاہور
قیمت ——— -/۹۰ روپے

مسئلہ۔ ہمسایوں کے حقوق

۲ جمادی الاولی ۱۳۱۲ھ علمائے اہل سنت کی خدمت میں گزارش ہے مسلمان پڑوسی کا کیا حق ہے؟ اگر کافر یا رافضی یا وہابی کسی مسلمان کے پڑوسی ہوں تو ان کا بھی وہی حق ہوگا جو مسلمان کا ہے بینوا توجروا۔

الجواب مسلمان پڑوسی کے بہت حق ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مازال جبریل یوصینی بالجار حتی ظننت انہ یورثہ۔ رواہ البیھقی فی السنن عن ام المومنین الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھما بسند صحیح۔

جبریل مجھ سے پڑوسی کے حق کی تاکید بیان کرتے رہے۔ یہاں تک کہ مجھے گمان ہوا کہ اسے ترکہ کا وارث کردیں گے۔

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

حق الجار علی جارہ ان مرض عدتہ وان مات شیعتہ وان استقرضک اقرضتہ وان اعور سترتہ وان اصابہ خیر ھنأتہ وان اصابتہ مصیبۃ غربتہ ولا ترفع بناءک فوق بنائہ فتسد علیہ الریح ولا تؤذیہ بریح قدرک الا ان تغرف لہ منھا۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر عن معویۃ بن حیدۃ القشیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

ہمسائے کا ہمسائے پر حق یہ ہے کہ بیمار پڑے تو تو اس کے پوچھنے کو جائے اور مرے تو اس کے جنازہ کے ساتھ جائے اور وہ تجھ سے قرض مانگے تو اسے قرض دے اور اس کا کوئی عیب معلوم ہو جائے تو اسے چھپائے اور اسے کوئی بھلائی پہنچے تو تو اسے مبارکباد دے اور کوئی مصیبت پڑے تو اسے دلاسا دے اور اپنی دیوار اس کی دیوار سے اتنی اونچی نہ کر کہ اس کے مکان کی ہوا رکے اور اپنی دیگچی کی خوشبو سے اسے ایذا نہ دے مگر یہ کہ اس کھانے میں سے اسے بھی حصہ دے (یعنی تو امیر ہے اور وہ غریب اور تیرے یہاں عمدہ کھانے پکتے پکاتے ہیں، خوشبو اسے پہنچے گی۔ وہ ان پر قادر نہیں، اس سے ایذا پائے گا۔ لہٰذا اس میں سے اسے بھی دے کہ وہ ایذا خوشی سے بدل ہو جائے۔

رافضی وہابی کا کوئی حق نہیں کہ وہ مرتد ہیں۔ نہ کسی کافر غیر ذمی کا اور یہاں کے سب کافر ایسے ہی ہیں۔ ان کے بارے میں صرف اتنا ہی حکم ہے کہ ان سے غدر و بدعہدی جائز نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

عبدہ المذنب احمد رضا عفی عنہ

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــه

محمد ن المصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مسئلہ۔ نیاز اور فاتحہ ۱۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۳۸ھ۔ راہبران دین و مفتیان شرع متین کا کیا حکم ہے کہ نیاز اور فاتحہ میں کیا فرق ہے؟ اور نیاز فاتحہ دینے کا مستحب طریقہ اور یہ کہ جس کی نیاز یا فاتحہ دلائی جائے اس کو ثواب کس طریقہ سے پہنچا ہے؟! اور سوائے اس کے اور مسلمانوں کو کس طرح کہہ کر ثواب پہنچائے؟ بینوا توجروا۔

الجواب مسلمانوں کو دنیا سے جانے کے بعد جو ثواب قرآن مجید کا تنہا یا کھانے وغیرہ کے ساتھ پہنچاتے ہیں، عرف میں اسے فاتحہ کہتے ہیں کہ اس میں سورۂ فاتحہ پڑھی جاتی ہے۔

اولیائے کرام کو جو ایصالِ ثواب کرتے ہیں اسے تعظیماً نذر و نیاز کہتے ہیں۔

سورۂ فاتحہ و آیۃ الکرسی اور تین بار یا سات بار یا گیارہ بار سورۂ اخلاص، اول آخر ۳-۳ یا زائد بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر عرض کرے کہ الٰہی! میرے اس پڑھنے (اور اگر کھانا کپڑا وغیرہ بھی ہوں تو ان کا نام بھی شامل کرے اور اس پڑھنے اور ان چیزوں کے دینے پر) جو ثواب مجھے عطا ہوا اسے میرے عمل کے لائق نہ دے، اپنے کرم کے لائق عطا فرما اور اسے میری طرف سے فلاں ولی اللہ مثلاً حضور پر نور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں نذر پہنچا، اور ان کے آبائے کرام اور مشائخ عظام و اولاد امجاد و مریدین و محبین اور میرے ماں باپ اور فلاں اور فلاں اور سیدنا آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روز قیامت تک جتنے مسلمان ہو گزرے یا موجود ہیں یا قیامت تک ہوں گے سب کو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

عبدہ المذنب احمد رضا عفی عنہ

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــه

محمد ن المصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم